**B**

**CCE RF**
**CCE RR**
**Revised & Unrevised**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – **560 003**

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2020

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2020**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 27. 03. 2020 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U**

Date : 27. 03. 2020 ] **Code No. : 12-U**

## ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

## Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

**(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Regular Fresh & Regular Repeater)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**[ Max. Marks : 100**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| I. | **درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں :** | 6 × 1 = 6 |
| 1. | ایسا جملہ جو دو مفرد جملوں سے بنا ہو۔ | |
| | A) جملۂ اسمیہ    B) جملۂ فعلیہ | |
| | C) مفرد جملۂ    D) مرکب جملۂ | |
| | جواب : (D) مرکب جملۂ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | نارِ نمرود کو کیا گلزار<br>دوست کو یوں بچا لیا تُو نے<br>اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔<br>A) صنعتِ تضاد　B) صنعتِ تکرار<br>C) صنعتِ تلمیح　D) صنعتِ استعارہ | 2. |
| 1 | جواب : (C) صنعتِ تلمیح | |
| | استعارہ لفظ مستعار سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں<br>A) ادھار لینا　B) خریدنا<br>C) تشبیہہ دینا　D) فروخت کرنا | 3. |
| 1 | جواب : (A) ادھار لینا | |
| | ایسی نظم جس میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا بیان ہو۔<br>A) شخصی مرثیہ　B) کربلائی مرثیہ<br>C) مسدس　D) مخمس | 4. |
| 1 | جواب : (B) کربلائی مرثیہ | |
| | رباعی کا کونسا مصرعہ حاصل کلام ہوتا ہے۔<br>A) پہلا　B) دوسرا<br>C) تیسرا　D) چوتھا | 5. |
| 1 | جواب : (D) چوتھا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''ناصر گھوم گھام کر آیا'' اس جملہ میں مسند الیہ ہے۔ | 6. |
| | A) گھوم B) آیا | |
| | C) ناصر D) گھام | |
| 1 | جواب : (C) ناصر | |
| 4 × 1 = 4 | **پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے :** | II. |
| | آلہ : اوزار :: اعلیٰ : .................. | 7. |
| 1 | جواب : بہت بلند | |
| | شیریں : تلخ :: شب : .................. | 8. |
| 1 | جواب : روز | |
| | عمل : اعمال :: رسم : .................. | 9. |
| 1 | جواب : رسوم | |
| | پہاڑ ٹوٹنا : مصیبت پڑنا :: پروان چڑھنا : .................. | 10. |
| 1 | جواب : کامیاب ہونا | |
| 7 × 1 = 7 | **درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے :** | III. |
| | تری مورتی ہاؤس میں سنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان کیا تھا ؟ | 11. |
| 1 | جواب : ماتمِ آزادی | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | مولانا ابوالکلام آزاؔد کے مطابق آزاد رہنا کس کا حق ہے ؟ | .12 |
| 1 | جواب : ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق ہے۔ | |
| | ودیا چرن جی کے مطابق تاریخ ہمیں کیا سکھاتی ہے ؟ | .13 |
| 1 | جواب : تاریخ ہمیں آگے بڑھنا سکھاتی ہے۔ | |
| | پطرس بخاری کو لالہ جی نے دوسرے دن صبح کتنے بجے جگایا تھا ؟ | .14 |
| 1 | جواب : چھ بجے جگایا۔ | |
| | کلیاں کب ہنس پڑتی ہیں ؟ | .15 |
| 1 | جواب : صبح کی ٹھنڈی ہوا کے چلنے سے کلیاں ہنس پڑتی ہیں۔ | |
| | شاعر جوشؔ ملیح آبادی کونسی عادت کو خلافِ آدمیت کہہ رہے ہیں ؟ | .16 |
| 1 | جواب : رشوت لینے۔ | |
| | تلوک چند محرومؔ کے مطابق مذہب کی زباں پر کونسا پیغام ہے ؟ | .17 |
| 1 | جواب : مذہب نکوئی کا پیام دے رہا ہے۔ | |
| 10 × 2 = 20 | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے :** | .IV |
| | اماں سردیوں کے موسم میں کیا کرتی تھیں ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اماں سردیوں کے موسم میں اپنے بیٹے سے گاؤں کا خالص گھی منگواتیں۔ | |
| 1 | ☆ اس میں زرد رنگ کی چھوٹی چھوٹی دکنی مرچیں ڈال کر نوکرانی کو حکم دے کر اپنے دبدبے کی نگرانی میں پکواتیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام پر گذری ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ پرنسپل نے ساری زندگی تاریخ پڑھی اور پڑھائی تھی۔ | |
| 1 | ☆ دنیا کی تاریخ، ہندوستان کی تاریخ، ہر عہد کی تاریخ ان کی آنکھوں نے انسان کو ہر نقطہ نظر سے دیکھا ہے۔ | |
| | ودیا چرن جی کی اہنسا کی باتیں سن کر مولانا رجب نے کن خیالات کا اظہار کیا ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ''خدا ایک ہے،ہم اُس کے بندے بھی ایک ہیں۔'' | |
| 1 | ☆ صدیوں سے مل جل کر رہنا ہماری روایت ہے۔ | |
| | ☆ پھر ہم جائیں گے بھی کہاں اپنوں سے بھاگ کر۔ | |
| | ☆ ہمیں ایک ہو کر خون خرابے کی سیاست اور بے ایمانی کو مٹانا ہے۔ | |
| | (کوئی دو نکات پر پورے نشان دیئے جائیں) | |
| | کشمیر کی معشیت کا انحصار کونسی کاشتکاریوں پر ہے ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ کشمیر کی کاشتکاری میں زعفران، چاول، مکا، گیہوں، بارلی، اوٹس وغیرہ۔ | |
| 1 | ☆ مختلف سبزیاں، امرود، سیب، شفتالو، چیری، آخروٹ وغیرہ اور دیودار، چنار صنوبر کے درخت ہیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | بیماروں کے علاج کے لئے زعفران کس طرح فائدہ مند ہے ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ زعفران یونانی اور ایورویدک دواؤں کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ نزلہ، پیٹ درد، بخار، کھانسی اور ذیابطیس جیسی بیماریوں کے لئے فائدہ مند ہے۔ | |
| | بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟ | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ چڑیوں کی صدائیں گویا بہار کا اعلان ہیں۔ | |
| 1 | ☆ بہار کی آمد سے چڑیاں خوشی سے اِتراتی پھرتی ہیں اور ہوا کے ساتھ ناچتی گاتی پھرتی ہیں۔ | |
| | حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے ؟ | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضرت امام حسینؓ کو بچپن میں جو کہا تھا وہ سچ کرنا چاہتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ ایمان کی خاطر اپنی جان دینا اور لہو بہانا انہیں گوارہ تھا۔ | |
| | ☆ یہاں تک کہ اُمت کے بخشوانے کے لئے پیاسا مرنا بھی منظور تھا۔ | |
| | ( کوئی دو نکات پر پورے نشان دیئے جائیں ) | |
| | ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟ | .25 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ ساری زمین ایک ہی ملک تھی اور نسلِ آدم کو پوری آزادی تھی کہ وہ جہاں چاہے جا سکے۔ | |
| 1 | ☆ ہم سرحدیں بنا کر خود اِسی جال میں پھنس گئے ہیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''مچھر کا الٹی میٹم''، نظم میں مچھر اپنی نسل کے بارے میں کیا کہتا ہے ؟ | 26. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مچھر طنز سے کہتا ہے مجھے مار کر تو دیکھ میری نسل بہت بڑی ہے کبھی ختم نہیں ہو سکتی۔ | |
| 1 | ☆ مجھ پر کتنی بھی دوائی ڈالو یا مجھے مارنے کی کوشش کرو مگر مجھے ختم کرنا ناممکن ہے۔ | |
| | اعجازؔ احسنی نے سماج کی کس بُرائی کی جانب اشارہ کیا ہے ؟ | 27. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ سماج کی عظیم بُرائی جہیز کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ جہیز جس سے اپنی بیٹی خوش رہے لیکن شکایت کرتے ہیں کہ داماد کو کتنا بھی خوش کریں وہ اپنی مانگنے کی فطرت نہیں چھوڑتا۔ | |
| 11 × 3 = 33 | **درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** | V. |
| | **متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔'' | 28. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''بدایوں کے شام وسحر'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کی مصنفہ آدا جعفری ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ اماں نے کسی بات پر خوش ہو کر بچوں سے اپنے ناشتے کا راز بتا دیا۔ اور بچوں کو تاکید کرتے ہوئے یہ جملہ کہا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ’’تم نے ہر خط میں مجھے اُردو کا شعر لکھنے کو کہا تھا۔‘‘ | 29. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ’’جواہر لال نہرو کی اردو دوستی‘‘ سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی بیٹی اندرا سے خط کے ذریعہ کہا۔ اس وقت کہا جبکہ نہرو احمد نگر کی جیل میں تھے اور اندرا نے اپنے خط میں اردو اشعار لکھنے کی فرمائش کی اس کے جواب میں یہ جملہ کہا۔ | |
| | ’’آپ سحر خیز ہیں ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔‘‘ | 30. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ سبق ’’سویرے جو کل آنکھ میری کھلی‘‘ سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف پطرس بخاری ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ مصنف نے لالہ کرپا شنکر جی سے کہا جب امتحان کے دن قریب آ رہے تھے تو لالہ جی سے مصنف نے برسبیل تذکرہ کرتے ہوئے کہا۔ | |
| | **درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :** | |
| | مولانا ابوالکلام آزاد | 31. |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | **مولاناابوالکلام آزاد :** | |
| | ☆ نام - محی الدین،ابوالکلام لقب اور آزاد تخلص تھا۔ | 1 |
| | حیات - ولادت: 11 نومبر 1888ء میں مکہ مکرمہ | |
| | وفات 22 فروری 1958ء۔ | |
| | ☆ خصوصیات - کاروانِ خیال،غبار خاطر،تبرکات آزاد،مکاتب آزاد،خطبات آزاداورقولِ فیصل۔ | 1 |
| | ☆ تصانیف - ''المصباح''اور''الندوہ''رسالہ کے مدیر بنے۔الہلال اورالبلاغ اخبار جاری کئے۔ | 1 |
| | (خصوصیات اورتصانیف سے کوئی دونکات پرمکمل نشانات دیں) | |
| | **درجِ ذیل شاعر کا تعارف کیجئے :** | |
| 32. | ماہرالقادری | |
| | جواب : | |
| | **ماہرالقادری** | |
| | ☆ نام - منظورحسین قادری قلمی نام ماہرالقادری | 1 |
| | ☆ حیات - ولادت: 1906ء میں ضلع کیسر کلاں بلندشہر یوپی۔ | |
| | وفات : 1978 پاکستان۔ | |
| | ☆ شعری مجموعے - نعتیہ نظم ظہورقدسی لکھی۔ماہنامہ''ناراں'' کی ادارت کی۔''جذبات ماہر'' ''محسوسات ماہر'' ہیں۔ | 1 |
| | ☆ خصوصیات - سلاست،فکر کی بلند پروازی اورچست تراکیب۔ | 1 |
| | (کوئی دوتصانیف پر پورے نشان دیں) | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :** | |
| | بات پرواں زبان کٹتی ہے<br>وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی | .33 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر مرزا غالبؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتا ہے میرا محبوب نازک ہے اس کی مجلس میں گفتگو ممکن نہیں۔ | |
| 1 | ☆ اس سے بہتر ہے کہ اُسی بات کو خاموشی سے سننا چاہتا ہوں یا کوئی مجھ سے سننا چاہے تو کہیں اور جا کر سُنے۔ | |
| | سب کا تو مداوا کر ڈالا، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے<br>سب کے تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے | .34 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر اسرار الحق مجازؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں میں نے سب کے مسائل تو حل کر دیئے مگر اپنے مسائل حل نہ کر سکے۔ | |
| 1 | ☆ اسی طرح دوسروں کی بُرائی کو دُور کرنے میں اتنا مصروف رہا کہ اپنا ہی گریباں دیکھنا بھول گئے۔ | |
| | آتی نہیں ہے راس ہمیں منزلِ وفا<br>اِس راہ میں فریب بہت کھا چکے ہیں ہم | .35 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر خلیل مامونؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں کہ ہماری قسمت میں وفا نہیں ہے۔ | |
| 1 | ☆ ہم نے ہمیشہ جن لوگوں سے وفا کی ہے اس کے بدلے میں ہم کو بے وفائی اور دھوکہ ہی ملا ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :** | |
| | درج ذیل الفاظ سے تین قوافی کو جوڑیاں بنایئے : | 36. |
| | رشوت　اکرام　مجنونانہ　فریب　بھاؤ　قیمت | |
| | شوخ　تاؤ　بھول　پاگل خانہ　زنداں　دیکھا | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ رشوت، قیمت | |
| 1 | ☆ مجنونانہ، پاگل خانہ | |
| 1 | ☆ بھاؤ، تاؤ | |
| | جملۂ اسمیہ کی تعریف کرتے ہوئے مع مثال لکھئے۔ | 37. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ایسا جملہ جس میں مسندالیہ اور مسند دونوں اسم ہوں۔ جملہ اسمیہ کہلاتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ مثلاً : اماں ملازمہ تھیں۔ | |
| 1 | ☆ اماں - مبتدا، ملازمہ - خبر، تھیں - فعل ناقص۔ | |
| | صنعتِ تکرار کی تعریف کرتے ہوئے مع مثال لکھئے۔ | 38. |
| | یا | |
| | صنعتِ تشبیہ کی تعریف کرتے ہوئے کوئی دو ارکانِ تشبیہ لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ایسا شعر جس میں ایک ہی لفظ کو دہرایا جاتا ہے۔ صنعتِ تکرار یا تکریر کہا جاتا ہے۔ | |
| 1 | مثلاً : اصغؔر سے ملے لیکن، اصغؔر کو نہیں دیکھا | |
| 1 | اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | ☆ کسی دو الگ چیزوں کو ان کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے | |
| 1 | اُسے تشبیہہ کہتے ہیں | |
| 1 | ☆ ارکان تشبیہہ پانچ ہیں : | |
| | i) مشبہ | |
| | ii) مشبہ بہ | |
| | iii) وجہ تشبیہہ | |
| | iv) غرض تشبیہہ | |
| 1 | v) حرفِ تشبیہہ | |
| | ( کوئی دو ارکان لکھے پر پورے نشانات دیں ) | |
| 5 × 4 = 20 | **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے :** | VI. |
| | اپنی نصابی کتاب سے ''حمد'' کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔ | 39. |
| | **یا** | |
| | مرثیہ کے آخری دو بند میں سے کوئی چار اشعار لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | **حمد :۔** | |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| 1 | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | |
| | کسی بھی در سے اجالوں کی بھیک کیا مانگیں | |
| 1 | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے | |
| | نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | 1 |
| | رضا تیری ہے، غفور الرحیم بھی تو ہے | |
| | غضب وقہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے | 1 |
| | دمِ وداع ہے صغریٰ کو بخش دے یارب | |
| | تو یومِ دین کا مالک، حساب تیرا ہے | |
| | **یا** | |
| | **مرثیہ :۔** | |
| | بچپن میں جو زباں سے کہا ہے کریں گے ہم | |
| | کھائیں گے تیرِ ظلم، لہو میں بھریں گے ہم | 1 |
| | حلق اپنا زیرِ خنجرِ قاتل دھریں گے ہم | |
| | اُمت کے بخشوانے کو، پیاسے مریں گے ہم | 1 |
| | اب ہاتھ اٹھاؤ فاطمہؓ کے نورِ عین سے | |
| | ہوگی کبھی نہ وعدہ خلافی حسینؓ سے | 1 |
| | یہ سن کر گر پڑی جو قدم پر وہ نوحہ گر | |
| | لپٹا لیا گلے سے بہن کو بہ چشمِ تر | 1 |
| | رو کر کہا کہ ہوتا ہے ٹکڑے مرا جگر | |
| | زینبؓ خدا کے واسطے، پیٹو نہ اپنا سر | |
| | خاصانِ حق کا خلق میں رُتبہ بلند ہے | |
| | صابر رہو کہ صبر، خدا کو پسند ہے | |
| | (کوئی چار اشعار پر پورے نشانات دئے جائیں) | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .40 | **درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :** | |
| | (i) جُگنو (ii) مچھر کا الٹی میٹم | |
| | جواب : | |
| | (i) **جگنو** | |
| | ☆ جگنو نظم فراقؔ گورکھپوری کی تاثراتی نظم ہے یہ نظم ماں کی یاد میں لکھی گئی ہے اس نظم میں ایک یتیم بچّے کا درد سمایا ہوا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر کی عمر بیس سال تھی جب اُنہوں نے یہ نظم لکھی۔ | |
| | ☆ شاعر کے پیدا ہوتے ہی ماں کا انتقال ہو گیا اور دونوں ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر کو کھلائیوں اور دائیوں نے پالا تھا۔ | |
| | ☆ جب بھی برسات کی آمد ہوتی ہر طرف جگنو دکھائی دیتے تو دائیاں اور کھلائیاں کہتی تھیں کہ جگنو بھولی بھٹکی روحوں کو راستہ دکھاتی ہیں۔ | 1 |
| | ☆ میرے دِل میں یہ خواہش ہوتی تھی کہ کاش میں ایک جگنو ہوتا اور اپنی ماں کی بھٹکی ہوئی روح کو راستہ دکھا کر گھر لاتا۔ | |
| | ☆ آج بھی وہ برساتیں آتی ہیں جگنو اُڑتے ہیں مگر یہ حقیقت جان چکا ہوں کہ جگنو کسی بھٹکی روح روح کو راستہ نہیں دکھاتے۔ | 1 |
| | ☆ یہ ایک حسین جھوٹ تھا جو عمر کے تقاضے نے مجھ سے چھین لیا۔ | |
| | ( کوئی چار نکات لکھنے پر پورے نشانات دئے جائیں ) | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **مچھر کا الٹی میٹم :** | |
| | ☆ دلاور فگار دورِ حاضر کے مشہور و معروف طنز نگار ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ نظم آپ کی کالم نگاری کا حصّہ ہے۔ | |
| | ☆ اس ظریفانہ نظم میں دلاور فگار نے سماجی برائیوں کو بیان کرنے کے لئے مچھر کو موضوع بنایا ہے۔ | |
| 1 | ☆ بلدیہ والے مچھر مارنے کے لئے بار بار کوشش کرتے ہیں۔ | |
| | ☆ مچھر کہتا ہے کہ میں دریاؤں کی روانی اور طوفانوں کی تیزی رکھتا ہوں مجھے مارا نہیں جاسکتا۔ | |
| 1 | ☆ مجھے مارنے کے لئے ڈی ڈی ٹی چھڑکا تو میرے چہرے پر چمک آجائیگی۔ | |
| | ☆ مچھر اپنے آپ کو فنکار کہتا ہے کیونکہ فنکار اپنی قابلیت کی وجہ سے ہمیشہ زندہ رہتا ہے اسی طرح | |
| 1 | تیرے طوفان بھی مجھے ختم نہیں کر سکتے کیونکہ میں ایک فنکار ہوں۔ | |
| | ☆ اے فِگار مچھر کو مارنے کا ارادہ ترک کردے ورنہ تیری نسل بخار اور جاڑے میں مبتلا ہوجائے گی۔ | |
| | ☆ میرے ہاتھ میں خنجر نہیں میں انسان کا قاتل ہوں بلکہ خود انسان ہے۔ | |
| | ☆ سیٹھ جی تمہیں تکلیف دیتے ہیں اور خون چوستے ہیں تو تُو خوش ہوتا ہے۔ اگر میں تھوڑا لہو چکھ لیتا ہوں | |
| | تو مجھے بدنام کردیتے ہو۔ | |
| | ( کوئی چار نکات لکھنے پر مکمل نشانات دئے جائیں ) | |
| | حجۃ الوداع کے موقع پر حضورؐ نے مسلمانوں کو کیا پیغام دیا ؟ | 41. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو، تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر۔ | |
| | ☆ اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔ جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ۔ اور جو خود پہنو وان کو پہناؤ۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سارے مسلمان بھائی بھائی ہیں۔ | 1 |
| | ☆ کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی بڑائی نہیں۔تم سب ایک آدم کے بیٹے ہو اور آدم مٹی سے بنا تھا۔ | |
| | ☆ میں تم میں ایک چیز چھوڑے جاتا ہوں۔اگر تم نے اس کو مضبوط پکڑ لیا تو پھر کبھی گمراہ نہ ہوگے اور وہ خدا کی کتاب ہے۔ | 1 |
| | ☆ اگر تم پر ایک کالا نکٹا غلام بھی سردار بنا دیا جائے جو تم کو خدا کی کتاب کے مطابق لے چلے تو اس کا کہنا ماننا۔ | |
| | ☆ اپنے پروردگار کی پرستش کرنا۔ | |
| | ☆ پانچوں وقتوں کی نمازیں پڑھنا۔ | 1 |
| | ☆ ''رمضان کے مہینے کا روزہ رکھنا اور میرے حکموں کو ماننا تم اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہوگے۔'' | |
| | (کوئی چار نکات پر نشانات پورے دیں) | |
| 42. | امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ | |
| | **یا** | |
| | ودیا چرن جی کے آپریشن کے بعد کس طرح محبت کے بول نکل رہے تھے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ امیر خسرو بچپن ہی سے بلا کے ذہین تھے۔ | |
| | ☆ شعر بڑے اچھے ترنم سے پڑھتے تھے۔خواجہ عزالدین نے آپ کی شاعری سُن کر آپ کو سلطانی تخلص کا مشورہ دیا۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ علاءالدین خلجی کے زمانے میں شاعری کی ترقی ہوئی اور آپ بادشاہوں کی مدح میں قصیدے لکھے۔<br>☆ مبارک شاہ خلجی کی فرمائش پر ایک مثنوی ''نہہ سپر'' لکھی۔ | |
| 1 | ☆ آپ فن موسیقی کے ماہر تھے۔ آپ مختلف سُروں کے مُوجد کہلائے۔<br>☆ قوالی کی موجودہ طرز آپ ہی کی ایجاد ہے۔ | |
| 1 | ☆ آلہ موسیقی ستار کی ایجاد آپ نے کی۔ مشہور موسیقار گوپال کو شکست دے کر ''نائک'' کا مرتبہ حاصل کیا۔<br>☆ آپ فارسی اور ہندی آمیز اشعار پہیلیوں معموں اور چٹکلوں سے سب کو محظوظ کرتے تھے۔<br>( کوئی چار نکات پر پورے نشان دیں ) | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ''بھارت ایک ماں ہے۔ اے ہندوؤ مسلمانو، سکھو عیسائیو، پارسیو اور دوسرے دھرموں کا پالن کرنے والو ! آج یہ ماں اتنے سنکٹ میں ہے جہاں کوئی بھی سچا مارگ درشک نہیں رہا۔'' | |
| 1 | ☆ ''بھائیو ! ہم ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں اور ہمارے جوان بچے روٹی روزی کو ترس رہے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ ہمارے گھر جن کے آنگنوں میں ہمارے بالک دودھ مانگ رہے ہیں، ماں سے روٹی مانگ رہے ہیں، کپڑا صابن مانگ رہے ہیں، ہماری توجہ اپنی طرف کھینچ کھینچ کر کہہ رہے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ تاریخ ہمیں آگے بڑھنا سکھاتی ہے۔ اس کال سے دوسرے کال میں پرویش کرنا سکھاتی ہے۔ | |
| | ☆ جو مرچ مسالہ چار آنے سیر ملتا تھا، پچاس، سوا اور ڈیڑھ سو روپیے کلو ہو گیا ہے۔ اگر ہم پراچین کال کے کھنڈروں میں جا کر سنیاس لے لیں تو بازار میں جرمن کی طرح ایک کلو آلو بھی لاکھوں کے ملیں گے۔<br>( کوئی چار نکات پر پورے نشان دیں ) | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .43 | **درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | |
| | تاریخ ماضی کا آئینہ ہے۔تاریخ انسانی زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالتی ہے۔تاریخ ذہن انسانی کی روح ہے اور واقعات تاریخ کے ظاہری مظاہرات ہیں۔کسی بھی قوم، ملک یا زمانہ کی تہذیب وتمدن،علوم وفنون،عروج وزوال،رسم ورواج یا عادات واخلاق سے متعلق جاننا ہوتو تاریخ کا سہارا لیا جاتا ہے۔تاریخ نویسی مسلمانوں کا خاص فن ہے۔عربوں نے تاریخ نویسی میں کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں۔اس میدان میں اُن کے دو بڑے احسانات ہیں۔ پہلا سند، دوسرا وقت یا زمانہ کا تعیّن۔ واقعات کی صداقت کے لئے سند ضروری ہے جو تاریخ کی اصل روح ہے۔دورانِ تدوین احادیث سند کا باقاعدہ علم وجود میں آیا۔عربوں سے قبل زمانے کا تعین کبھی حضرت عیسیٰ کی ولادت سے تو کبھی حضرت عیسیٰ کی وفات سے کیا جاتا ہے۔لیکن عربوں نے ہجری کی ابتدا کی جو اسلامی تقویم تھی آج بھی رائج ہے۔ابن خلدون نے تاریخ کی بنیاد رکھی۔انہوں نے اپنے مقدمے میں عِلم تمدن پر باریک بینی سے روشنی ڈالی ہے۔ | |
| | سوالات : | |
| | (i) تاریخ کا سہارا کس لئے لیا جاتا ہے ؟ | |
| | (ii) تاریخ کی بنیاد کس نے رکھی اور واقعات کی صداقت کے لئے کیا ضروری ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | (i) کسی بھی قوم، ملک یا زمانہ کی تہذیب وتمدن،علوم وفنون،عروج وزوال،رسم ورواج یا عادات واخلاق سے متعلق جاننا ہوتو تاریخ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ | 2 |
| | (ii) ابن خلدون نے تاریخ کی بنیاد رکھی۔واقعات کی صداقت کے لئے سند ضروری ہے۔ | 2 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 × 5 = 5 | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** | VII. |
| | اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر کرتے ہوئے دُعاء کی درخواست کی گئی ہو۔ | 44. |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب وآداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون (امتحان کی تیاری) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| | **یا** | |
| | اپنے محلے کے کارپوریٹر/ممبر کے نام ایک خط لکھئے جس میں بارش کے رُکے پانی سے ہو رہی بیماری کا ذکر کرتے ہوئے صفائی کرانے کی درخواست کی گئی ہو۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب وآداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون (محلے کی صفائی) | |
| 1 | iv) اختتام | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 × 5 = 5 | **کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :** | VIII. |
| | تعلیم کے ساتھ جسمانی ورزش بھی ضروری ہے۔ | 45. |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید - قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) تعلیم اور ورزش کے معنی | |
| 1 | (ii) تعلیم کے ساتھ جسمانی ورزش کی ضرورت | |
| | (iii) جسمانی ورزش کے فائدے | |
| 1 | (iv) تعلیم اور جسمانی ورزش کا تعلق۔ | |
| 1 | خاتمہ/اختتام - اعادہ، اپنی رائے کا اظہار۔ | |
| | **یا** | |
| | موبائل فون کے فائدے اور نقصانات۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید - قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) موبائل کی تعریف | |
| | (ii) موبائل کا طریقہ استعمال اور تاریخ | |
| 1 | (iii) موبائل کے فائدے | |
| 1 | (iv) موبائل کے نقصانات | |
| 1 | خاتمہ/اختتام - طلباء کی اپنی رائے کا اظہار | |